16/02/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی کا سرینگرسٹیشن ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنیے۔

حادثہ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مو دی، وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ،مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ، جموں وکشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے نئی دلی ریلوے سٹیشن پر ہوئی بھگدڑ کے نتیجے میں15افراد کے جان بحق ہونے پر دُکھ اور صدمے کا اظہارکیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکام اُن سبھی لوگوں کی مدد کر رہی ہے جو اس حادثے میں متاثر ہوئے ہیں اور سبھی زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے۔

دریں اثناءریلوے وزارت نے جاں بحق افراد کے ورثا کو فی کس10لاکھ روپے کی مالی امداد کا اعلان کیا ہے۔ وزارت کے مطابق شدید طور سے زخمی افراد کو اڑھائی لاکھ جبکہ معمولی طور زخمی ہوئے افراد کو1لاکھ روپے کی مالی اداد دی جائے گی۔

منڈپمPM

وزیر اعظم نریندر مو دی آج دلی کے بھارت منڈپم میں بھارت ٹیکس 2025 میں شرکت کر یں گے۔ وہ اس موقعے پر خطاب بھی کریں گے۔ بھارت ٹیکس2025 ایک عظیم و نشان پروگرام ہے جو14فروری سے شروع ہوکر17فروری تک جا ری رہے گا۔

وزر اعظم معیشت

وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا کہ2014کے بعد بھارت تیز رفتاری سے ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت چوٹی کی 5بڑی معیشتوں میں سے ایک بڑی معیشت بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اُنکی حکومت ایک وِکست بھارت بننے کے سفر میں ایک کلیدی شراکت دارکے طور پر پرائیویٹ سیکٹر کی طرف دیکھ رہی ہے۔

LGملاقات

جمونو کشمیر بی جے پی کے صدر ست شرما، ممبر اسمبلی پاڈر ناگ سینی سنیل شرما، بی جے پی ترجمان گورو گپتا اور اپنی پارٹی کے سربراہ سید محمد الطاف بخاری نے کل لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ جموں میں مختلف امور پر بات چیت کی۔

کرن رجیجو

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر اور مرکزی وقف کونسل کے چیرپرسن کرن رجیجو نے کل امر سنگھ کلب سرینگر میں" بجٹ پر چرچا " 2025کی میزبانی کی۔ اس پروگرام میں کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے علاوہ سیاحت سے جڑے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ اس سے قبل انہوں نے درگاہ حضرت بل کا دورہ کر کے وہاں پر دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ انکے ہمراہ جموں وکشمیر وقف بورڈ کی چیرپرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی بھی تھیں۔

سمارٹ سٹی

ڈاکٹر اویس احمد نے کل سرینگر میناٹلی جینٹ ٹریفک CEO سرینگر سمارٹ سٹی لمیٹیڈ کے منیجمنٹ سسٹم کی عمل آوری کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا۔ انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ اس نئے ٹریفک منیجمٹ سسٹم کے لاگو ہونے سے سرینگر شہر میں ٹریفک منیجمنٹ میں مثبت تبدیلی آئے گی۔

DCکپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سودن نے کل ضلعے مینہالسٹِک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کی عمل آوری کے بارے میں ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ اس موقعے پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ اُن تمام رکاوٹوں کو جلد از جلد دور کریں تاکہ یہ سکیم اپنے مقررہ اہداف بنا کسی دیری کے حاصل کر سکے۔

منگا شیر پا

ڈپٹی کمشنر بارہمولہ منگا شیر پا نے کل مختلف محکموں کے اہلکاروں کو نا خوشگوار موسمی حالات کے دوران درکار وینٹر جاکیٹس اور دیگر ساز و سامان تقسیم کیا۔ انہوں نے خراب موسمی صورتحال کے دوران بھی اپنے منصبی فرائض خوش اسلوبی سے انجام دینے کی خاطر مختلف محکموں کے عملے کی ستائش کی۔

## DCگاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے کل گگن گیر سونمرگ میں گذشتہ برس ہوئے ملی ٹینٹ حملے میں مارے گئے افراد کے لواحقین کے حق میں 60 لاکھ 44 ہزار 625 روپے کی ایکسگریشا ریلیف تقسیم کی۔

## موسیقی پروگرام

اطلاعات و نشریات محکمے کے کلچر ل یونٹ نے کل سرینگر میں ایک روزہ کلچرل پروگرام سمن بل کا اہتمام کیا۔ اس پروگرام میں ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس پروگرام کا مقصد کشمیر وادی کی ثقافت اور تمدن کو فروغ دینا تھا۔

## پولیس ورکشاپ

نئے فوجداری قوانین کے سلسلے میں پولیس نے کل اپنے افسروں کےلئے ایک جانکاری ورکشاپ کا اہتمام کیا۔ یہ ورکشاپ پولیس ہیڈ کواٹرس کمپلیکس گلشن گراؤنڈ جموں میں منعقد کیا گیا۔ جس میں سینئر پولیس افسروں نے بھی شرکت کی۔

اسی دوران ضلع انتظامیہ، اننت ناگ، بڈگام، گاندربل اور کولگام کی جانب سے بھی نئے فوجداری قوانین سے متعلق عام لوگوں میں بیداری پیدا کرنے کی غرض سے کل ایک پروگرام کا انعقاد کیا گیا ۔

## پولیس کرکٹ

پولیس کی جانب سے منعقدہ سوِک ایکشن پروگرام کے تحت جسمانی طور خاص افراد کےلئے T-10 کرکٹ ٹورنامنٹ کل بٹہ پورہ شوپیان میں اختتام پذیر ہوا۔اس ٹورنامنٹ میں جنوبی کشمیر کی6ٹیموں نے شمولیت کی تھی۔ فائنل مقابلے میں کولگام نے اننت ناگ کو6وکٹوں سے شکست دی۔

کاسکو T-20 ٹورنامنٹ اختتام پذیر ہوا۔ اسی دوران پولیس کی جانب سے پائین شہر کے ریڈ پورہ فائنل مقابلے میں مہاراج گنج 11 نے خانیار11کو شکست دی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ